جامع ببلوگرافی تیار کی جائے، چنانچہ ارکان ادارہ نے اس موضوع پر کام شروع کر دیا ہے اور تلاش و جستجو جاری ہے، ریسرچ سنٹر کو اس منصوبہ کی تکمیل میں آئی۔ ایف۔ اے۔ این (Institut Fondamental de l'Afrique Noire) کا تعاون حاصل ہے۔ (نیوز لیٹر استنبول اپریل ۱۹۸۶ء)

انگریزی میں ایک مستند ترجمہ قرآن کی تیاری

رابطہ عالم اسلامی نے ۱۴۰۲ھ جامعۃ الملک عبدالعزیز (جدہ) کے اساتذہ پر مشتمل اس مقصد سے ایک کمیٹی تشکیل دی تھی کہ وہ انگریزی تراجم قرآن کا تحقیقی جائزہ لے اور ایک مستند انگریزی ترجمہ تیار کرے۔ مذکورہ کمیٹی نے ایک صحیح و مستند انگریزی ترجمہ تیار کر لیا ہے، جس کی اشاعت کا اہتمام مجمع الملک فہد (مدینہ منورہ) کی جانب سے کیا گیا ہے، اس ترجمہ کی تیاری میں دس لاکھ ستر ہزار ریال (سعودی) خرچ ہوئے ہیں۔ جبکہ اشاعت کے اخراجات اس میں شامل نہیں ہیں۔

(اخبار العالم الاسلامی، مکۃ المکرمہ ۷ صفر المظفر ۱۴۰۷ھ)

تراجم قرآن پر سمپوزیم

ورلڈ اسلامک سوسائٹی اور ریسرچ سنٹر فار ہسٹری، آرٹ اینڈ کلچر کے زیر اہتمام استنبول میں ۲۱۔ ۲۳ مارچ ۱۹۸۶ء کو ایک عالمی سمپوزیم منعقد ہوا، جس میں مختلف ملکوں کے دانشور و محققین شریک ہوئے، موتمر العالم الاسلامی کے جنرل سکریٹری جناب سید شریف الدین پیرزادہ نے اس کی صدارت کی، اس سمپوزیم میں "اسلام کی اشاعت میں قرآنی تراجم و تفاسیر کی خدمات" "غیر عربی داں اور فہم قرآن" "قرآنی تراجم کے اغراض و مقاصد" "قرآن نظریۂ اسلامی کے سرچشمہ کی حیثیت سے" اور "ترجمۂ قرآن۔ قدیم و جدید آرار کا تجزیہ" جیسے اہم موضوعات پر مقالات پیش کیے گئے۔

سمپوزیم میں اس امر پر خاص طور سے زور دیا گیا کہ پورے عالم اسلام کو عربی زبان کی اہمیت و افادیت سے آگاہ کرایا جائے۔ اس لیے کہ یہی وہ مقدس زبان ہے جس میں قرآن کریم کا نزول ہوا اور اس سے واقفیت کے بغیر قرآن کے معانی و مطالب کو صحیح طور پر سمجھنا اور اس کے اعجاز کا شعور حاصل کرنا محال ہے۔